# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

## سیکنڈری کورس

2023-24

विद्याधनम् सर्वधनं प्रधानम्


**نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ**

A-24-25 انسٹی ٹیوشنل ایریا، سیکٹر-62، نوئیڈا-201309 (اتر پردیش)

website: www.nios. : www.nos.org

Toll free No. 18001809393

# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

عزیز طلباء

اب آپ نے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ (NIOS) کے سیکنڈری کورس کا مطالعہ شروع کر دیا ہے۔ جیسا کہ آپ پہلے ہی سے جانتے ہیں کہ کامیابی کے ساتھ کورس کی تکمیل کے لیے ضروری ہے کہ منصوبہ بند انداز میں مسلسل مطالعہ جاری رکھا جائے۔ آپ کی آموزش اور کامیاب آموزگار بننے کے لیے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ کے ذریعہ امدادی مواد مہیا کرانے کے لیے مختلف وسائل اور حکمت عملی اختیار کی گئی ہے۔ ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ (TMA) اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔

**TMAs آپ کی مدد اس طرح کرے گا کہ:**

- ☆ آپ میں باقاعدہ مطالعہ کرتے رہنے کی عادت بیدار ہو جائے جو آپ کو خود آموز متعلّم (Self learner) بنانے کے لیے ضروری ہے۔
- ☆ آپ مواد مضمون کو بہتر طور پر سمجھ سکیں۔
- ☆ سوالات کے تحریری جواب دینے کی مشق کے ذریعہ ایک طریقہ سے فائنل امتحان کی مشق پہلے ہی سے آپ کر سکیں۔
- ☆ آپ کو اساتذہ کا فیڈ بیک حاصل ہو جائے اور آپ کے ذریعہ دیے جانے والے جوابات کے صحیح ہونے کی تصدیق ہو جائے۔
- ☆ آپ نے جس مضمون کو اختیار کیا ہے اس کے مطالعے میں اپنی پیش رفت کی جانچ کر سکیں اور اس طرح آپ مضمون کے کسی مواد میں مشکلات پیش آنے پر یہ پتہ کر سکیں کہ ان کے بہتر مطالعے کے لیے زیادہ کوشش کیے جانے کی ضرورت ہے اور
- ☆ آپ تسلیم شدہ ادارے (AI) سے متعلق مختلف مضامین کے اساتذہ سے ملاقات کر کے ان سے حسب ضرورت مناسب رہنمائی حاصل کر سکیں۔

**TMAs کے لیے جوابی اسکرپٹ کیسے تیار کی جائے؟**

اس کتابچہ میں آپ کو ہر ایک مضمون کا ایک اسائنمنٹ ملے گا۔ آپ کو صرف چنندہ مضامین کی تفویضات اپنی خود کی تحریر میں مکمل کرنی ہے۔ ایک طرفہ سطر بردار کاغذ پر TMAs کے جواب لکھیں اور تیار جواب شیٹ کو اپنے ڈیش بورڈ کے ذریعہ آن لائن جمع کیجیے۔

**TMA کا فارمیٹ:**

آپ دیکھیں گے کہ TMA دراصل 20 نمبر کا ہوتا ہے۔ سوال نمبر 1، سوال نمبر 2 اور سوال نمبر 3 چھوٹے چھوٹے جوابات والے ہوتے ہیں۔ سوال کے دو۔ متبادل دیے گئے ہیں جن میں سے آپ کو صرف ایک سوال کا جواب دینا ہے یعنی 6=2+2+2 مارکس۔ اس طرح سوال نمبر 1، سوال نمبر 2 اور سوال نمبر 3 کے کل 6 نمبر ہوتے ہیں۔

سوال نمبر 4 اور 5 طویل جواب والے سوالات ہیں اور ہر ایک 4 نمبر کا ہے۔ آپ کو دیے گئے دو متبادل میں سے صرف ایک کا جواب لکھنا ہے۔ اس طرح سوال نمبر 4 اور 5 دونوں کل 8 نمبر کے ہیں۔ (8=4+4)

سوال نمبر 6 دو پروجیکٹوں پر مشتمل ہوتا ہے جن میں سے آپ کو صرف ایک پروجیکٹ تیار کرنا ہوتا ہے۔ یہ سوال 6 نمبر کا ہوتا ہے۔

ہر ایک پروجیکٹ ورک کے لیے رہنما اصول سوال کے ساتھ ہی دیے گئے ہیں۔

**TMAs جمع کرنا:**

دونوں ایڈمیشن بلاکس کے لیے آپ کے ڈیش بورڈ کے ذریعہ سیکنڈری کورس TMA جمع کرانے کا شیڈول ذیل میں دیا گیا ہے۔

جدول نمبر 1

| پبلک امتحان | متعلّم کے ذریعہ این آئی او ایس پورٹل پر اپلوڈ کیجیے | متعلقہ مضمون استاد کے ذریعہ طالب علم کو فیڈ بیک (تجویز) |
|---|---|---|
| اپریل/مئی | 31/جنوری | طالب علم کے ذریعہ TMA اپلوڈ کرنے کی تاریخ سے ایک ماہ کے اندر |
| اکتوبر/نومبر | 31/جولائی | |

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کا پورا فائدہ اٹھانے کے لیے برائے کرم اس جمع کرانے کے شیڈول پر سختی سے عمل کریں۔ ٹی ایم اے ان کے لیے قابل اخلاق ہوتا ہے جنھوں نے آن لائن کے اسٹریم 1 میں داخلہ لیا ہو۔ انھیں یہ TMA مضمون کے پبلک امتحان میں بیٹھنے سے پہلے جمع کر دینا چاہیے۔ سیکنڈری امتحان میں ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کے لیے پبلک امتحان میں 20 فیصد نمبر متعین کیے گئے ہیں۔ ان نمبر کو ہر مضمون کے خارجی پرچۂ امتحان کے ساتھ مارک شیٹ میں الگ سے دکھایا جائے گا۔

ہر تعلیمی سیشن میں آپ کے ڈیش بورڈ پر TMA کتابچے کا ایک نیا سیٹ دستیاب کرایا جائے گا۔ اگر آپ ٹی ایم اے کتابچہ نہیں حاصل کر سکے ہیں تو اس ادارے کی ویب سائٹ www.nios.ac.in سے ڈاؤن لوڈ کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔

آپ اپنے درست شدہ ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کا مطالعہ بغور کیجیے اور انہیں اپنی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کیجیے۔ براہ کرم یاد رکھیں کہ آپ کو NIOShtt/s/sdmis.nios.ac.in کے اسٹریم پورٹل پر اپنے ڈیش بورڈ کے ذریعہ TMA آن لائن جمع/اپ لوڈ

☆ آپ ہر مضمون میں فراہم کردہ مطالعاتی مواد کے اسباق کو دوبارہ پڑھیے۔

☆ رابطہ (PCP) کلاسوں میں حاضری دیتے ہوئے ٹیچر کے ذریعہ اپنے شبہات یا ان مسائل کا حل نکالیں، جن کا سامنا آپ دوران مطالعہ کرتے ہیں۔

☆ مطالعات کے لیے زیادہ وقت دیں۔

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کے متعدد فوائد کو دیکھتے ہوئے یہ ممکن ہے کہ آپ کامیاب طالب علم بننے کے لیے ان کا بہتر طور پر استعمال کریں۔

اگر آپ کو اس سلسلہ میں کوئی شبہ ہو یا آپ کی کوئی تجویز ہو تو براہِ کرم ہمیں لکھنے میں نہ ہچکچائیں۔

**تعلیم آپ کے دروازے پر**

NIOS آپ کے مطالعے میں مدد فراہم کرنے کے مقصد سے متعدد پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے۔ وہ درج ذیل ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| سوئیم (Swayam) | : | Study webs of active learning for young asprining mindsان میں سے ایک ہے یہ وزارت برائے انسانی وسائل،حکومت ہند کے ذریعہ شروع کیا گیا ایک موسک (MOOC Massive open online courses) پلیٹ فارم ہے۔موجودہ طور پر این آئی او ایس سیکنڈری اور سینئر سیکنڈری دونوں ہی سطحوں پر موکس پیش کرتا ہے،موکس کو ربع دائرہ نظریے کا استعمال کرتے ہوئے تیار کیا گیا ہے، یہ ہیں پی ڈی ایف میں متن، ایک تدریسی ویڈیو، خود قدرشناسی مشقوں اور فورم برائے بحث آپ خود ہی www.swayam.gov.in پر جاکر خود بغیر کسی فیس کے اندراج کرسکتے ہیں۔ |
| دکشا (Diksha) | : | Digital infrastructure of school educationوزارت تعلیم حکومت ہند کی ایک خاص پہل ہے جو ڈیجیٹل شکل میں معیاری تعلیمی وسائل مواد تک کی پہنچ کو ممکن بناتا ہے۔ این آئی او ایس دکشا پورٹل کا ایک سرگرم معاون ہے۔NIOS کے سیکنڈری اور سینئر سیکنڈری سطحوں پر مختلف کورسز کے ڈیجیٹل خود آموزشی مواد اس ڈیجیٹل ذخیرے پر دستیاب ہیں۔ NIOS کے ڈیجیٹل آموزشی مواد تک رسائی https://diksha.gov.in/nios پر کی جاسکتی ہے۔ |
| پی ایم،ای ودیا (PM e-Vidya) | : | ای ودیا مطالعے کا ایک اور ذریعہ ہے۔ یہ اپنے سیکنڈری اور سینئر سیکنڈری سطح پر 24x7 ویڈیو پروگرام فراہم کرتا ہے۔ لائیو ویڈیو رابطہ پروگرام مختلف مضامین ای۔ ودیا پر دستیاب ہیں۔ NIOS چینل 10 پر سیکنڈری سطح کے لیے تعلیمی پروگرام اور چینل 12 پر سینئر سیکنڈری پروگرام فراہم کرتا ہے۔اس پہل کے ذریعہ آپ کہیں بھی خاص طور پر ان دور دراز کے علاقوں جہاں انٹرنیٹ کی رسائی نہیں ہے پڑھائی کرسکتے ہیں۔آپ اس پروگرام کو NIOS کے یوٹیوب چینل پر دیکھ سکتے ہیں۔ |
| مکت ودیاوانی Mukta Vidya Vani | : | مکت ودیا وانی مزید مدد کی آپ کی ضرورت کی قدر کرتا ہے۔NIOS آپ کے دروازے پر ٹکنالوجی کا جادو بھی پیش کرتا ہے۔مکت ودیا وانی ہماری ویب پر مبنی PCPs کی تکمیل اور خود آموزشی مواد کی تکملہ کرتا ہے۔ یہ آپ کے مضامین کے ماہرین کے ساتھ تعامل کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔آپ ہمارے ٹول فری نمبر 18001802543 پر کال کے ذریعہ اپنے استفسار اور شکوک کو دور کرسکتے ہیں۔آپ 012046269 پر بھی کال کرسکتے ہیں۔لائیو پروگرام کا ٹائم شیڈول حوالے کے لیے نیچے دیا گیا ہے۔اگر کسی وجہ سے آپ سے Live PCPs چھوٹ جاتی ہے تو آپ ریکارڈ شدہ ورژن کی دوبارہ نشریات میں یا آڈیو آن ڈیمانڈ کرسکتے ہیں NIOS کے پروگرام یوٹیوٹ پر بھی دستیاب ہیں۔ |

آپ کا PCPs کا لائیو پروگرام رہ جاتا ہے تو دہراؤ کے دور میں ریکارڈ شدہ ورژن یا آڈیو ڈیمانڈ پر سن سکتے ہیں۔NIOS کے ویڈیو پروگرام کے یوٹیوٹ پر بھی دستیاب ہیں۔

| نشریاتی ذریعہ | نشریاتی وقت | ہم سے رابطہ کریں |
|---|---|---|
| مکت وِدیاوانی<br>www.nios.ac.in | دوشنبہ تا جمعہ<br>12.00 بجے دوپہر تا 4.00 بجے شام<br>(لائیو پروگرام)<br>5.00 صبح سے 11.00 بجے رات تک<br>(دوبارہ نشریات)<br>نوٹ: ماہانہ شیڈول کی پابندی کریں۔<br>(ویب سائٹ پر دستیاب ہے) | ہمیں اس پتہ پر لکھیں:<br>مکت وِدیاوانی<br>muktvidyavani@nios.ac.in<br>ٹول فری نمبر:18001802543<br>لینڈ لائن:0120-4626949 |

اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو آپ ہمارے ٹول فری نمبر-18093931800 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔
www.nios.ac.in کے ذریعہ متعلق ماہر مضمون سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

نیک خواہشات کے ساتھ
اکیڈمک آفیسر
نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ

# فہرست


| نمبر شمار | مضمون | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 | ریاضی | 211 | 1-3 |
| 2 | سائنس اور ٹکنالوجی | 212 | 4-6 |
| 3 | سماجی سائنس | 213 | 7-8 |
| 4 | معاشیات | 214 | 9-10 |
| 5 | کاروباری مطالعات | 215 | 11-12 |
| 6 | ہوم سائنس | 216 | 13-14 |
| 7 | نفسیات | 222 | 15-16 |
| 8 | ہندوستانی ثقافت اور ورثہ | 223 | 17-18 |
| 9 | کھاتہ داری | 224 | 19-20 |
| 10 | پینٹنگ | 225 | 21-22 |
| 11 | ڈاٹا انٹری آپریشنز | 229 | 23-25 |

# ریاضی

# MATHEMATICS

# 211

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر:20

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گیے ہیں۔

(ii) جواب شیٹ کے پہلے صفحے پر اوپر کی طرف اپنا نام، اندراج نمبر، AI (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2

(a) (i) 3/5 اور 4/5 کے درمیان پانچ ناطق اعداد (Rational Numbers) معلوم کیجیے۔

(ii) کیا سبھی مثبت صحیح عدد کے جذر غیر ناطق ہیں؟ اگر نہیں تو اس عدد کے جذر کی ایک مثال دیجیے جو ایک ناطق عدد ہے۔

(سبق۔1 دیکھئے)

(b) درج ذیل کو آسان کیجیے۔

(i) $\sqrt{3(a^4 - b^{3)}10x5(a^2 - b^{2)}3}$

(ii) $(2x - 2y3)3$

(سبق۔2 دیکھئے)

2۔ درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2

(a) (i) حل کیجیے: $(5m-3)/4+(3m-2)/5(m+6)7$

(ii) دو اعداد کی جمع 820 ہے اور ان کا حاصل ضرب 1456 ہے، دونوں اعداد معلوم کیجیے۔

(سبق۔3 دیکھئے)

(b) کثیر رکنی $(x3+2x+1)/5-(7/2)x2-x6$ کے لیے لکھیے:

(i) کثیر رکنی کا درجہ

(ii) x3 کا ضریب (Coefficient)

(iii) x6 کا ضریب

(iv) مستقل رکن (Constant term)

(سبق۔3 دیکھئے)

3۔ درج ذیل شکل 1 میں خطوط xy اور MN 0 پر قطع کرتے ہیں۔ اگر $<POY = 90°$ اور a:b=2.3 ہے، تو C معلوم کیجیے۔ 2

(سبق۔10 دیکھئے)




Figure 1



Figure 2

(b) شکل2میں <PQR= <PRQ تو ثابت کیجیے کہ <PQS= <PRJ

4۔ درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 4

(a) ایک متوازی الاضلاع کے سبھی زاویے معلوم کیجیے، اگر ایک زاویہ 80° کا ہے۔

ایک مستطیل میں، ایک وتری (Diagonal) اس کے ایک جانب 25° پر جھکا ہوا ہے دونوں وتری کے درمیان حادہ زاویہ (Acute angle) کی پیمائش کیجیے۔

(b) ثابت کیجیے کہ ایک متوازی الاضلاع کے زاویہ ناصف (Bisector) ایک مستطیل کی تشکیل کرتے ہیں۔

ایک ٹراپیزیم (مربع منحرف) ABCD میں ABII CDI۔اگر A=55°> اور B=70°> تو c> اور d> کا شمار کیجیے۔

5۔ درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 4

(a) (i) ثابت کیجیے کہ ایک دائرہ کے قطر کے سروں پر کھینچے گئے مماس کے خط متوازی ہوتے ہیں۔

(ii) دو ہم مرکز دائروں کے نصف قطر 5cm اور 3cm ہیں بڑے دائرے کے اس قوسی وتر (Chard) کی لمبائی معلوم کیجیے جو چھوٹے دائرے کو چھوتی ہیں۔

(سبق۔15 دیکھئے)

(a) (i) شکل3 میں DECII AC اور DFII AE، ثابت کیجیے کہ DF/FE=BE/CE۔



Figure 3

(b) (i) AD اور BC ایک خط قطعہ پر مساوی عمود ہیں۔ دکھایئے کہ AB CD کسے تنصیف کرتی ہے۔



Figure 4

6۔ درج ذیل پروجیکٹوں میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) درج ذیل ڈیٹا کے لیے تعدد کثیر ضلعی بنائیے۔

| کلاس وقفہ | 10-20 | 20-30 | 30-40 | 40-50 | 50-60 | 60-70 | 70-80 | 80-90 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تعدد | 4 | 6 | | 10 | 12 | 4 | 7 | 5 |

(b) آٹھویں کلاس 30 طلباء کے بلڈ گروپ اس طرح درج کیے گئے ہیں:

A, B, O, O, AB, O, A, O, B, A, O, B, A, O, O,

A, AB, O, A, A, O, O, AB, B, A, O, B, A, B, O

ان ڈیٹا کو تعددی تقسیم جدول کی شکل میں پیش کیجیے: ان طلباء میں سب سے عام اور سب سے کمیاب بلڈ گروپ کون سا ہے؟

یا

(a) 40 انجینئروں کی رہائش سے کام کی جگہ تک کی دوری (کلومیٹر 3) اس طرح پائی گئی۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31 | 12 | 7 | 13 | 11 | 25 | 20 | 10 | 3 | 5 |
| 2 | 16 | 17 | 32 | 11 | 18 | 17 | 12 | 10 | 19 |
| 3 | 18 | 15 | 12 | 5 | 3 | 8 | 7 | 9 | 7 |
| 12 | 6 | 7 | 15 | 15 | 6 | 9 | 2 | 14 | 12 |

پہلے وقفے کو 0.5 (5 شامل نہیں) لیتے ہوئے اوپر دیے گیے ڈیٹا کے لیے کلاس سائز 5 کے ساتھ ایک گروپ بند تعددی تقسیم جدول بنائیے۔ اسی جدولی پیشکش سے آپ کن اہم خصوصات کا مشاہدہ کرتے ہیں۔

(b) دنیا بھر میں 15 سے 44 سال تک کی عورتوں میں بیماری اور موت کے اسباب کے لیے ایک تنظیم کے ذریعہ کیے گیے ایک سروے میں درج ذیل ڈیٹا (cm %) پائے گئے۔

| نمبر شمار | اسباب | عورتوں کی شرح اموات |
|---|---|---|
| 1 | تولیدی صحت کی صورتحال | 31.8 |
| 2 | عصابی نفسیاتی حالات | 25.4 |
| 3 | چوٹ اور زخم کے حالات | 12.4 |
| 4 | قلب اور شریانوں سے متعلق صورت حال | 4.3 |
| 5 | تنفسی حالات | 4.1 |
| 6 | دیگر اسباب | 22 |

(i) درج بالا دی گئی معلومات کی گرافی پیشکش کیجیے۔

(ii) عالمی پیمانے پر کون سی صورت حال عورتوں کی خراب صحت اور موت کی اہم وجہ ہے؟

(iii) اپنے ٹیچر کی مدد سے کن ہی دو عوامل کا پتہ لگانے کی کوشش کیجیے جو درج بالا (ii) اہم وجہ ہونے میں اہم کردار نبھاتے ہیں۔

# سائنس اور ٹکنالوجی

# SCIENCE AND TECHNOLOGY

# 212

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر: 20

1۔ درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) O پر تخلیق شدہ کسی لہر کے منتقلی مقام گراف کے ساتھ دکھائے گیے ڈائیگرام میں O.Is کے بعد دکھایا گیا ہے۔ شمار کیجیے۔ (سبق۔18 دیکھئے)

(i) لہر کی وسعت۔

(ii) لہر عدل

(iii) لہر کا تعدد

(iv) لہر کی رفتار



(صفحہ نمبر 1 دیکھیے)

(b) آپ مختلف قدروں کی مزاحمت حاصل کرنے کے لیے مختلف طریقوں میں مزاحمت جوڑ سکتے ہیں، آپ کو ہر ایک Ohm کے لیے تین مزاحمتیں دی گئی ہیں۔ ان سبھی مختلف ترکیبوں کو دکھاتے ہوئے ڈائیگرام بنائیے۔ ساتھ ہی ہر ایک ترکیب کی مساوی مزاحمت کا بھی شمار کیجیے۔

2۔ درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) 40°c پر 100 گرام برف کو 100°c کی بھاپ میں بدلنے کے لیے دیا گیا ہے:

برف کے گراف کی پنہاں حرارت =335J/a

پانی کی تبخیر کی پنہاں حرارت =2260J/a

برف کی نوعی حرارت کی استعداد =2.1j/gx°c

پانی کی نوعی حرارت کی استعداد =4.2J/gx°c

(b) ہائیڈروجن اور آکسیجن کمیت کے ذریعہ 1:8 کی نسبت میں مل کی پانی بناتے ہیں۔ 3 گرام ہائیڈروجن گیس کے ساتھ پوری طرح ردعمل کرنے کے لیے آکسیجن کی کتنی کمیت کی ضرورت ہوگی۔ (سبق۔26 دیکھیے)

3۔ درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ایک پودے کے خلیے کا لیبل شدہ ڈائیگرام بناہے۔ پودے کے خلیے اور جانور کے خلیے کے کن تین فرق بیان کیجیے۔ (سبق 21 دیکھیے)

(b) ملیریا کے موجب عامل کا نام لکھیے اور اس کے ترسیلی طریقے کو بیان کیجیے۔ اس مرضی کی کیا علامت ہے؟ ملیریا کی ترسیل کی روک تھام کے لیے کوئی چار احتیاطی اقدامات بتائیے۔ (سبق 23 دیکھیے)

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) کسی متحرک جسم کی حالت کی مختلف وقت ساعت پر درج ذیل ہے۔

| T(s) | 0 | 5 | 10 | 15 | 20 | 25 | 30 | 35 | 90 | 95 | 50 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| X(m) | 5 | 10 | 15 | 25 | 35 | 50 | 60 | 65 | 70 | 73 | 75 |

حرکت کے لیے ایک حالت وقت (Possion time) گراف بنائیے، یہ کسی طرح کی حرکت ظاہر کرتا ہے؟ عددی ارکان میں اس کی 3 خاص خصوصیت دیتے ہوئے حرکت بیان کیجیے۔ (سب 9 دیکھیے)

(b) درج ذیل ڈائیگرام ایک کیمیائی تعامل پیش کرتا ہے۔ غور سے مشاہدہ کیجیے اور درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔

(i) ہونے والے کیمیائی ردعمل کی پہچان کیجیے اور اس کی تعریف کیجیے اور نمک کا رنگ کیسے بدلے گا؟

(ii) ہونے والے ردعمل کی کیمیائی مساوات تحریر کیجیے۔




پرتیوش نے ایک کُپّے میں سلفر پاوڈر لیا اور اسے گرم کیا، اس نے شکل میں دکھائے گیے کے مطابق پر کفہ نلی کو اوندھا کر کے پیدا ہونے والی گیس کو جمع کیا۔

5۔ درج ذیل میں سے کیس ایک سوال کا جواب 100 میں سے 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) (i) جوفی (Concave) لینس

(ii) حدبی (Convex) لینس سے شبیہ کی تخلیق دکھاتے ہوئے کرن ڈائیگرام بنائیے۔

اگر شئے فوکس اور نور مرکز (Optical Centre) بیان کیجیے۔ (سبق۔15 دیکھیے)

(b) درج ذیل کچھ جانوروں کے نام دیے گیے ہیں۔ دو جانوروں کی پہچان کیجیے۔ جن میں سے ہر ایک دکھ رہا ہے انمیں سے ہر ایک انواعی صف بندی / طبقہ بھی نام لکھیے۔

(شارک، کیچوا، سانپ، جیلی مچھلی، ٹیپ ورم، اسٹارفش)

(i) ریڈیل تشاکل

(ii) پرتوں سے ڈھکا جسم

(iii) زندگی کا طفیلی طریقہ

6۔ درج ذیل دئے گئے پروجیکٹوں میں کوئی ایک تیار کیجیے۔ 6

(a) درج ذیل کا جواب دیجیے۔

ایک آدمی سنار بن کر گھر گھر جاتا تھا۔اس نے پرانے اور پھیکے سونے کے گہنوں کی چمک واپس لانے کا وعدہ کیا۔ایک بھولی خاتون نے اسے سونے کا چوڑیوں کا ایک سیٹ دیا، جسے اس نے ایک خاص محلول میں ڈبویا، چوڑیاں نئی سی چمک رہی تھی لیکن ان کا وزن کافی زیادہ کم ہوگیا۔خاتون پریشان تھی لیکن اس بے معنی بحث کے بعد اس نے تیزی سے دہرایا، کیا آپ جاسوسی کا کردار نبھاتے ہوئے یہ پتہ لگا سکتے ہیں کہ اس نے کس خاص محلول کا استعمال کیا ہوگا؟

1) سونا ایک بہت ہی قیمتی دھات ہے، خالص سونا بہت نرم ہوتا ہے اس لیے یہ زیورات بنانے کے لیے مناسب نہیں ہوتا ہے۔اسے سخت بنانے کے لیے اس میں چاندی یا تانبے کی آمیزہ دھات ملائی جاتی ہے لیکن کبھی کبھی سنار زیادہ منافع کمانے کے لیے سونے میں بڑی مقدار میں تانبہ، چاندی کا آمیزہ ملا دیتے ہیں۔

(a) سونے کے زیورات خریدتے وقت آپ کو کیا احتیاط برتنی چاہیے؟

(b) حکومت ہال مارکڈ زیورات خریدنے پر زور کیوں دیتی ہے؟

(2) خستہ ہونا ایک سنجیدہ مسئلہ ہے۔خستہ لوہے کو بدلنے کے لیے ہر سال کافی مقدار میں پیسہ خرچ کیا جاتا ہے۔اس نقصان کو روکنے کے لیے کیا قدم اٹھائے جاسکتے ہیں۔

(3) پارا (مرکری) مائع حالت میں پائی جانے والی ایسی دھات ہے۔درجہ حرارت کی پیمائش کے لیے اس کا استعمال بڑے پیمانے پر تھرمامیٹر میں کیا جاتا ہے۔لیکن پارا بہت ہی خطرناک دھات ہے کیونکہ اس کی کثافت بہت زیادہ ہوتی ہے۔مرکری (پارا) پر مشتمل ساز و سامان کو سنبھالتے وقت آپ کون سی دو احتیاط برتیں گے۔

(سبق۔4 دیکھیے)

ایک انچ اور 2 انچ قطر اور 6 انچ لمبائی کے دو اسطوانی (بیان نما) کارڈبورڈ بنائیے مجوز (Insulated) تانبے کے تار کو بالکل قریب قریب کر لپیٹتے ہوئے کارڈبورڈ پر کنڈلیاں بنائیے۔200, 100, 50 پھیروں کے بعد سرے نکالیے مناسب دوری پر مقناطیسی سوئی رکھیے۔

پہلی کنڈلی لیجیے، اس کے 50 پھیروں کے درمیان بیٹری جوڑیے اور مقناطیسی سوئی کا انفراج (Deflection) نوٹ کیجیے۔ 100 پھیروں، 200 پھیروں...وغیرہ کے ساتھ تجربہ دہرائیں۔

اب 6 انچ لمبی کیلوں کو کنڈلی میں بھریئے اور تجربہ دہرایئے

اب درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔

1۔ برقی مقناطیس طاقت پر اس میں پھیروں کی تعداد بڑھانے کا کیا اثر ہوتا ہے؟

2۔ برقی مقناطیس کی طاقت پر عرصی تراش (کراس سیکشن) کا رقبہ بڑھانے کا کیا اثر ہوگا بتایئے؟

3۔ برقی مقناطیس کی طاقت پر نرم لوہے کے کور کا استعمال سونے پر کیا اثر پڑتا ہے۔

4۔ برقی مقناطیس کی طاقت پر بڑھتے کرنٹ کا کیا اثر ہوتا ہے؟

5۔ کچھ وقت کے بعد کیا کیلیں مقناطیس بن جاتی ہیں؟

# سوشل سائنس

# SOCIAL SCIENCE

# 213

# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر:20

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گیے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اوپر کی طرف اپنا نام، اندراج نمبر، AI (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ہڑپا تہذیب کے زوال کے اہم اسباب کو شفاف کرتے ہوئے وضاحت کیجیے (سبق۔1 دیکھیے)

(b) ''مذہب اور ثقافت کے میدان میں عہد وسطی روایتوں کی ایک عظیم تالیف کا گواہ ہے۔'' اس بیان کا تجزیہ کیجیے۔

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) اپنے علاقے حیاتیاتی تنوع کو محفوظ رکھنے کے لیے کن ہی دو طریقوں وکی تجویز دیجیے۔ (سبق۔11 دیکھئے)

(b) ''نوعمروں کو ایک امتیازی آبادی گروپ کے طور پر برتنے کی ضرورت ہے۔'' (سبق۔14 دیکھئے)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) بنیادی فرائض میں بنیادی حقوق کی طرح ہی اہم ہیں۔ جائزہ لیجیے۔ (سبق۔15 دیکھیے)

(b) ماحولیاتی تنزلی کا مقابلہ کرنے کے لیے قابل برقراری ترقی ایک ذریعہ ہوسکتی ہے؟ وضاحت کیجیے۔ (سبق۔26 دیکھیے)

4۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) جغرافیہ کسی بھی سماج کی زندگی اور تاریخ کو تشکیل دینے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ واضح کیجیے۔ (سبق۔0 دیکھیے)

(b) اپنے آس پاس کے علاقوں میں کسانوں کو درپیش کن ہی چار چیلنجز کی پہچان کیجیے۔ کسانوں کی حالت میں بہتری کے لیے ہر ایک چیلنج کے لیے حل پیش کیجیے۔ (سبق۔12 دیکھیے)

5۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) تین سطحی ساخت میں دیہی مقامی خودمختار حکومت کے کردار اور ذمہ داریوں کا جائزہ لیجیے۔ (سبق۔18 دیکھیے)

(b) ایک مضبوط قوم کے قیام کے لیے سیکولر اصولوں کی ضرورت کا تجزیہ لیجیے۔ (سبق۔24 دیکھیے)

6۔ درج ذیل موضوعات میں سے کسی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) اپنے علاقے میں جہاں آپ رہتے ہیں، وہاں کے 10 گھروں کا سروے کیجیے اور تین ہم عمر گروپوں میں عمر کی ترکیب جاننے کی کوشش کیجیے۔ سروے درج ذیل فارمیٹ (جدول) میں کیا جا سکتا ہے۔

| نمبر شمار | عمر گروپ وسال اہم | مردوں کی تعداد | عورتوں کی تعداد | کل کا فی صد | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | مرد | عورت |
| 1 | 0 تا 14 | | | | |
| 2 | 15 تا 50 | | | | |
| 3 | 10 اور اس سے زیادہ | | | | |

جدول میں پیدا کردہ معلومات کی بنیاد پر مرد اور عورت گروپوں میں انحصار کا تناسب کے کم یا زیادہ ہونے کا خاندانوں کے معیار زندگی پر کیا اثر پڑتا ہے؟ خاندان کے ممبروں سے بات چیت کی بنیاد پر ایک مختصر رپورٹ تیار کیجیے۔ (سب۔14 دیکھیے)

(b) دو شرکاء اور دس ووٹروں کے درمیان ایک نمونہ انتخاب کا اہتمام کیجیے۔ امیدواروں سے درج ذیل سوالات پوچھیں اور ان کے جوابات کو نوٹ کیجیے اور عمل کو مکمل کرنے کے بعد اپنی دریافت لکھیے۔

| | امیدوار۔1 کا جواب | امیدوار۔2 کا جواب | نمونہ الیکشن کے لیے درکار ضروری اشیا کی فہرست | نتائج (دریافت) |
|---|---|---|---|---|
| روزگار پیدا کرنے کے لیے آپ کا روڈ میپ کیا ہے؟ | | | | |
| آپ تعلیم کے معیار کو کیسے بلند کریں گے؟ | | | | |
| آپ غربت کے خاتمے کے لیے کیسے کام کریں گے؟ | | | | |

# معاشیات

# ECONOMICS

# 214

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر:20

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب ضروری ہیں۔ ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اوپر کی طرف اپنا نام، اندراج نمبر، AI (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب واضح الفاظ میں لکھیے۔ 2

(a) ''خورد (جزویاتی) اور کلاں معاشیات کا تصور ایک دوسرے پر منحصر ہے۔'' مناسب مثال کے ساتھ اس بیان کی وضاحت کیجیے۔
(سبق۔1 دیکھیے)

(b) معشیت کی ترقی انسان کی ضرورتوں کی تخلیق اور انسانی خواہشات کی تکمیل کرنے میں اہم کردار نبھاتی ہے۔ (سبق۔2 دیکھیے)

2۔ درج ذیل سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ''نجی اور عوامی سیکٹر کی ساتھ ساتھ موجودگی کو کسی بھی ملک کی معاشی اور خوشحالی کی اولین شرط مانا جاتا ہے۔'' اس بیان کی وضاحت کیجیے۔ (سبق۔4 دیکھیے)

(b) پیداوار عمیق محنت تکنیکوں اور عمیق اصل (پونجی) تکنیکوں کے درمیان فرق واضح کیجیے۔ ان میں سے کون سی تکنیک ہماری معشیت کے لیے موزوں ہے اور کیوں؟ (سبق۔5 دیکھیے)

3۔ درج ذیل سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) مانگ اور رسد (سپلائی) قوتوں کی مدد سے بازار میں شے کی غیر متوازن قیمت کا تطابق کیسے کیا جاتا ہے؟ گرافی پیشکش کی مدد سے وضاحت کیجیے۔
(سبق۔11 دیکھیے)

(b) کسی شے کی قیمت کا تعین کرتے وقت ایک مکمل سابقتی بازار اور اجارہ دار بازار میں پیداکاروں کا کردار الٹ جاتا ہے۔ وجہ کی وضاحت کیجیے۔
(سبق۔12 دیکھیے)

4۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) ''کالا بازاری کی حد پر عوام کی بھلائی کے لیے بالائی قیمت اور قیمت کنٹرول کے ذریعہ قابو کیا جاتا ہے۔'' مناسب مثال کے ساتھ اس بیان کی وضاحت کیجیے۔ (سبق۔13 دیکھیے)

(b) آپ کو اپنے علاقے میں بیمہ کمپنی شاخ دفتر کا دورہ کرنے کی تجویز دی جاتی ہے۔ شاخ کے بیمہ انتظامی افسر سے ملیے اور بیمہ پالیس لینے کے عمل کے بارے میں بحث کیجیے اور بحث کی بنیاد پر ایک مختصر رپورٹ تیار کیجیے۔ (سبق۔16 دیکھیے)

5۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) مکمل سابقتی بازار اور ایک اجارہ داری بازار کی خصوصیات کا موازنہ کیجیے۔ (سبق۔12 دیکھیے)

(b) ’’آزادی کے بعد کے دور میں پانچ سالہ مصنوبے نے صنعت کاری کے میدان میں قابل ذکر پیش رفت دکھائی ہے۔ دیے گیے بیان کی تفصیل تحریر کیجیے۔ (سبق۔19 دیکھیے)

6۔ درج ذیل پروجیکٹوں میں سے کوئی ایک تیار کیجیے۔ 6

(a) درج ذیل عنوان کی ساخت کے تحت حکومت کے ذریعہ شروع کیے گیے انسداد غربت پروگرام پر ایک پروجیکٹ عمل تیار کیجیے۔

- تعارف
- غربت کا مطلب اور موجودہ صورتحال
- 2000-2022 کے درمیان کی مدت سے انسداد غربت کا مختصراً بیان
- دریافت
- نتیجہ اور تجاویز (سبق۔21 دیکھیے)

(b) درج ذیل عنوانات کے تحت اپنے نزدیکی علاقے میں واقع ڈاک گھر میں بچت بینک کھاتہ کھولنے پر ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔

- ڈاکٹ گھر کی تصویر چپکائیں
- ملازم کے ذریعہ فراہم کردہ رہنما اصول
- بچت کھاتہ کھولنے کے لیے مطلوبہ دستاویز
- دستاویزوں کی نقل
- کھاتہ کھولنے کے بعد کے فوائد (سبق۔21 دیکھیے)

# کاروباری مطالعہ

# BUSINESS STUDIES

# 215

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر:20

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گیے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اوپر کی طرف اپنا نام، اندراج نمبر، AI (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) نقل وحل کے سبب ملکوں کے درمیان ثقافت کا مبادلہ ممکن ہو پاتا ہے۔ اس بیان کو اپنے الفاظ میں واضح کیجیے۔ (سبق۔5 دیکھیے)

(b) نقل وحمل کے معیارِ زندگی کو اوپر اٹھانے میں مدد کرتا ہے اگر متفق ہوں تو واضح کیجیے کہ نقل وحمل سے کیسے اور کیا فائدے و سہولیات ہیں۔

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ABC کمپنی کا ممبئی میں ایک گودام ہے جو مال کی مستقل پیداوار میں مددگار ہے۔ اپنے الفاظ میں وضاحت کیجیے، کہ یہ پیداوار میں کیسے مددگار ہے۔

(سبق۔6 دیکھئے)

(b) اسٹور اور گودام ایک دوسرے سے کس طرح مختلف ہیں، مناسب مثال کے ساتھ اس کا تقابلی تجزیہ کیجیے۔

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ڈاک گھر لوگوں میں بچت کی عادت کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ اس بیان پر روشنی ڈالیے۔ ڈاک گھر کی کن ہی دو اسکیموں کا بھی ذکر کیجیے۔

(سبق۔8 دیکھیے)

(b) ڈاک گھروں اور پرائیویٹ کوریر کے ذریعہ فراہم کردہ مختلف خدمات کے بارے میں لکھیے اور ان میں سے آپ کو سب سے اچھی سروس سی لگتی ہے اور کیوں؟

(سبق۔8 دیکھیے)

4۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) اس عمل کا نام بتائیے اور وضاحت کیجیے جس کے ذریعہ ایک فرد رقم کی ادائیگی کے ذریعہ دوسرے شخص سے کچھ سامان یا جائیداد اپنے نام پر منتقل کرواتا ہے۔ (سبق۔12 دیکھیے)

(b) کے پی او کو آؤٹ سورس کیسے جانے والے شعبہ میں بہت زیادہ علم کی ضرورت ہوتی ہے۔ کیا آپ اس بیان سے متفق ہیں؟ تبصرہ کیجیے۔

(سبق۔11 دیکھیے)

5۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) ورون ایک بچولیا جو تھوک فروخت کرنے والوں یا پیدا کاروں سے سامان خریدتا ہے اور انہیں صارفین کو فروخت کرتا ہے۔ وزون کے ذریعہ بچولیے کے طور پر کیے جانے والے کن ہی کاموں کی فہرست بنائیے۔ (سبق۔14 دیکھیے)

(b) آپ کسی پروڈکٹ کے لیے ٹیلی فون پر آرڈر دیتے ہیں کہ خریداری کا یہ طریقہ آپ کے وقت اور آپ کے ذریعہ کی گئی کوشش کو بچاتا ہے۔ خود کے الفاظ میں اپنے دوست کو بتائیے کہ آپ کس قسم کی خریداری کر رہے تھے اور اس کے کیا فوائد ہیں۔

6۔ درج ذیل موضوعات میں سے کسی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) مسٹر امن ایک مینوفیکچرر ہیں اور محترمہ گیتا ای ک صارف ہیں مسٹر امن اور محترمہ گیتا دونوں کے لیے سیلز پرموشن کی کوی ایک اہمیت بیان کیجیے۔ (سبق۔16 دیکھیے)

(b) اخبار پڑھیے، مضامین اور اشتہارات سے دریافت کیجیے ہ دوکانیں کب اسٹاک کلیرنس فروخت کی پیش کش کرتی ہیں۔ اسٹاک کلیرنس سیل کے فوائد اور نقصانات کا ذکر کیجیے۔

(سبق۔16 دیکھیے)

| امیدوار۔1 کا جواب | امیدوار۔2 کا جواب | نمونہ الیکشن کے لیے درکار ضروری اشیا کی فہرست | نتائج (دریافت) | |
|---|---|---|---|---|
| | | | | روزگار پیدا کرنے کے لیے آپ کا روڈ میپ کیا ہے؟ |
| | | | | آپ تعلیم کے معیار کو کیسے بلند کریں گے؟ |
| | | | | آپ غربت کے خاتمے کے لیے کیسے کام کریں گے؟ |

# ہوم سائنس
# HOME SCIENCE
# 216
## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر:20

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گیے ہیں۔
(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اوپر کی طرف اپنا نام، اندراج نمبر، AI (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) اپنے اردگرد کے کسی بھی دو قدرتی ریشوں کی شناخت کریں۔ قدرتی ریشوں سے بنے کپڑے استعمال کرنے کا مشورہ کیوں دیا جاتا ہے؟

(b) جدولی شکل میں سادہ بنائی اور ٹویل بنائی کے درمیان کسی بھی دو فرق کا ذکر کریں۔

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) شینا کا پاؤں غلطی سے ساکٹ کی ایک برہنہ تار کو چھو گیا اور اسے بجلی کا جھٹکا لگا گھر میں بجلی کے محفوظ استعمال کے لیے کوئی دو مناسب طریقے بتائیں۔ (سبق۔13 دیکھیے)

(b) اپنے اردگرد کا تنقیدی جائزہ لیں اور بچوں اور بڑوں کے درمیان دم گھٹنے کی چار وجوہات کی نشاندہی کیجیے۔

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) بیبی مریدولا کی عمر 8 ماہ ہے۔ اس کی عمر کے بچوں کی اور نشوونما میں سے ہر ایک کی دو خصوصیات کا ذکر کیجیے۔

(b) ''ترقی کا آپس میں تعلق ہے۔'' کوئی دو موزوں مثالیں دے کر بیان کی توثیق کیجیے۔

4۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) جسم اور دماغ دونوں کا صحیح کام کرنا صحت ہے۔ ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (WHO) کے مطابق ''صحت'' کی تعریف کریں۔ اچھی جسمانی صحت، اچھی ذہنی صحت اور اچھی سماجی صاحت میں سے ہر ایک کی دو خصوصیات درج کیجیے۔

(b) قوت مدافعت کی تعریف کیجیے۔ قدرتی قوت مدافعت (مامونیت) حاصل شدہ قوت مدافعت سے کیسے مختلف ہے؟ دو طریقوں کا ذکر کریں جن سے ہم مامونیت حاصل کر سکتے ہیں۔

5۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) ترون 12 ویں کلاس کا طالب علم ہے۔ وہ بطور انجینئر اپنا کیریئر آگے بڑھانا چاہتا ہے۔ اپنے مقصد کو حاصل کرنے کے لیے انے وسائل کو موثر طریقے سے استعمال کرنے کے لیے انتظام کے چار مراحل کی نشاندہی کرنے میں اس کی مدد کریں۔

(b) (i) وسائل محدود ہیں۔ وسائل کو موثر طریقے سے استعمال کرنے کے لیے آپ اپنی کمیونٹی کو کون سے چار رہنما اصول تجویز کریں گے؟

(ii) اپنی کمیونٹی میں کسی بھی دو وسائل کے غلط استعمال پر بحث کریں اور اسے روکنے کے طریقے تجویز کریں۔

6۔ درج ذیل موضوعات میں سے کسی ایک پر پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) (i) کرونا اور ترون ایک جیسے جڑواں بچے ہیں۔ کرونا کی پرورش اس کی ماں نے ایک گاؤں میں کی ہے اور ترون کی پرورش اس کے والد نے شہری ماحول میں کی ہے۔ دونوں بہن بھائی کی ترقی کے کسی بھی تین اہم پہلوؤں کا جدول کی شکل میں تجزیہ کریں۔

(ii) آپ کی رائے میں بچوں کی شخصیت اور انفرادی فرق کے تعین کے لیے کیا چیز زیادہ ضروری ہے اور کیوں؟

(b) ہمیں صحت مند رکھنے میں ہر غذائیت کا ایک خاص کردار ہوتا ہے۔ اگر ہم غذائی اجزاء کی کمی کے ساتھ کھانا شروع کر دیں تو بیماری کی علامات ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گی۔

(i) مندرجہ ذیل غذائی اجزاء کے کوئی دو کام لکھیں جو زندگی کو برقرار رکھنے کے لیے اہم ہیں۔ غذائی ریسہ، پانی، وٹامن اے۔

(ii) کھانے کے گروپوں کو شامل کرنے اور متوازن غذا کے لحاظ سے اپنے لیے ایک ڈائٹ پلان جدولی شکل میں بنائیں۔

# نفسیات
# PSYCHOLOGY
# 222
## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر:20

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گیے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اوپر کی طرف اپنا نام، اندراج نمبر، AI (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) انسانی ترقی کے ہر مرحلے سے منسلک ترقیاتی کام کیا ہیں اور وہ اگلے مرحلے تک کسی شخص کی کامیاب پیش رفت کا تعین کیسے کرتے ہیں؟ (سبق۔9 دیکھیے)

(b) اسکول چھوڑنے، جمود اور بربادی کی بنیادی وجوہات کیا ہیں؟ ہندوستان میں اسکول چھوڑنے کی شرح کو کم کرنے کے لیے کیا کوششیں کی جا رہی ہیں؟

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) یوگا کے آٹھ مراحل کی مشق کریں جیسا کہ پتنجلی نے بیان کیا ہے۔ چھ مختلف یوگا مراحل کی مشق کرتے ہوئے اپنی تصویر چسپاں کریں۔

(b) کیرئیر کا اچھا انتخاب کرنے کے لیے کون سے اقدامات ہیں اور کیرئیر کا انتخاب کرتے وقت کن عام غلط تصویر سے بچنا ہے؟

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ہمارے مطالعہ، باہمی تعلقات، کام اور گرمی کے لیے یوگا کی مشق کرنے کے کیا فوائد ہیں؟

(b) مثبت جذبات کو فروغ دینے کے طریقے کیا ہیں اور وہ ذہنی صحت اور فلاح و بہبود کو کیسے فائدہ پہنچاتے ہیں؟

4۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) نفسیات کے کچھ مخصوص شعبے کون سے ہیں جن کی کچھ سالوں میں ترقی ہوئی ہے اور ان میں کیا مطالعہ کیا جاتا ہے، آپ کس فیلڈ میں جانا چاہتے ہیں اور کیوں؟

(b) گراہم والس کے مطابق تخلیقی سوچ کے مراحل کیا ہیں اور ان کا مسائل کے حل اور ذہنی کیفیت سے کیا تعلق ہے؟

5۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) گروپ کی حرکیات میں گروپ کی کارکردگی اور طرز عمل پر گروپ کی سائز کا کیا اثر پڑتا ہے؟

(b) ذہنی اور جسمانی تعلق کی نوعیت پر تبصرہ کیجیے اور صحت مند ذہنی جسمانی تعلق کو برقرار رکھنے کے لیے کم از کم تین طریقے تجویز کیجیے۔

6۔ درج ذیل موضوعات میں سے کسی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) شناخت کا عمل قوت حافظہ کی پیمائش میں یاد کرنے کے عمل سے کیسے مختلف ہے اور یہ فرق حقیقی زندگی کے حالات پر کیا اثرات مرتب کرتے ہیں، جیسے کہ امتحانات کا مطالعہ کرنا یا مانوس چہروں کی شناخت کرنا؟ یاد رکھنے کے لیے مختلف حالات فراہم کر کے کم از کم 20 افراد پر ایک تجربہ کریں، پھر مشاہدہ کریں اور لکھیں کہ آیا وہ 10-7 دنوں کے بعد پہچاننے، یاد کرنے اور یاد رکھنے میں ناکام رہے۔

مثال کے طور پر 20 افراد پر پانچ مختلف حالات پر تجربات کرنا اور یہ نوٹ کرنا کہ آیا وہ نمبر، چہرہ، جگہ، رنگ یا پوزیشن کو یاد کر سکتے ہیں اور کیسے۔

(b) آپ کے رہائشی علاقے میں یوگا کیمپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ آپ کو ''ذہن کو قابو کرنے اور منظم کرنے کی اہمیت'' تیار کریں کہ یہ معلوماتی ہو اور معاشرے کے تمام طبقات کے لیے سمجھنا آسان ہو۔

# ہندوستانی ثقافت اور ورثہ
# INDIAN CULTURE AND HERITAGE
# 223
# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر:20

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گیے ہیں۔
(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اوپر کی طرف اپنا نام، اندراج نمبر، AI (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2
(a) ایک مخلوط ہندوستانی ثقافت کی نشو ونما میں صوفی سنت کے تعاون کا جائزہ لیجیے۔ (سبق۔9 دیکھیے)
(b) ریاضی کے میدان میں بودھیان کے کسی بھی دو تعاون کی فہرست بنائیے۔ (سبق۔15 دیکھیے)

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2
(a) کن ہی دو خصوصیات کا ذکر کریں جو ہندوستانی ثقافت میں روحانیت کی اہمیت کو ظاہر کرتی ہیں۔ (سبق۔2 دیکھیے)
(b) فلکیات میں اریہ بھٹ کے تعاون کا جائزہ لیجیے۔ (سبق۔14 دیکھیے)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2
(a) ''سنسکرت بہت سی ہندوستانی زبانوں کی ماں ہے۔'' جائزہ لیجیے۔ (سبق۔6 دیکھیے)
(b) ہندوستانی ثقافت کی خصوصیات کی فہرست بنائیں۔

4۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4
(a) ہندوستان کی نوجوان نسل کے لیے تاریخ کو پڑھنے/سمجھنے کی اہمیت کا جواز پیش کیجیے۔ (سبق۔6 دیکھیے)
(b) عصری ہندوستانی سماج کے چند اہم امور اور مسائل کی نشاندہی کیجیے۔ (سبق۔20 دیکھیے)

5۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4
(a) فلسفیانہ علم کی نشو ونما میں چارواک اسکول کے کردار کا جائزہ لیجیے۔ (سبق۔8 دیکھیے)
(b) ہڑپہ کے باقیات کی اہم خصوصیات کا ذکر کیجیے۔

6۔ درج ذیل موضوعات میں سے کسی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) قرون وسطیٰ کے ہندوستان نے دوانتہائی اہم تحریکوں یعنی بھکتی اورصوفی تحریک کا عروج دیکھا۔اس پروجیکٹ کودرج ذیل ہدایات کی مدد سے کیجیے۔ (سبق۔9دیکھیے)

(i) ہرتریک میں سے دوسنتوں کی شناخت کیجیے۔

(ii) ان کی تعلیمات کے ساتھ اسی طرح کی سوچ رکھنے والے دوسرے سنتوں کو دریافت کیجیے۔

(iii) یہ بھی لکھیے کہ ان دوراس ان کے خیالات لوگوں کی زندگیوں پر کیسے اثر انداز ہوسکتے تھے۔

(b) کم از کم دس تاریخی یادگاروں، مندروں، مجسموں، سکے اور ادب کی معلومات اکٹھی کیجیے۔ درج ذیل گائیڈ لائن کی مدد سے ایک چھوٹی سی رپورٹ بنائیے۔

(i) وہ مدت جس میں وہ بنائے گئے، لکھے گئے یا استعمال ہوئے۔

(ii) وہ ادب ہے تو اس کا مواد کیا تھا؟

(iii) ہم اس مدت کے بارے میں ان سے مزید کیا معلومات حاصل کرتے ہیں؟

# اکاونٹنسی

# ACCOUNTANCY

# 224

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر:20

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب ضروری ہیں۔ ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گیے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اوپر کی طرف اپنا نام، اندراج نمبر، AI (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) حساب داری (اکاونٹنگ) اور بہی کھاتہ میں فرق بایئے۔

(b) ''حسابی مساوات بھی حالات میں ایک جیسا رہتا ہے۔'' کچھ مثالوں کی مدد سے اس بیان کی توثیق کیجیے۔ (سبق۔4 دیکھئے)

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) نقد بہی (کیش بک) اور پاس بک کے بقایاجات میں فرق کے اسباب بتایئے۔

(b) کیا تجارتی (کاروبار) لین دین کا ہے؟ کاروباری لین دین کی پانچ مثال دیجیے۔ (سبق۔1 دیکھئے)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) فروخت واپسی بہی کا مطلب بتایئے اور اس کا فارمیٹ بنایئے۔ (سبق۔9 دیکھیے)

(b) پونجی ریزرو کے استعمال کے مقاصد بیان کیجیے۔ (سبق۔13 دیکھیے)

4۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) درج ذیل لین دین کے لیے حسابی مساوات دکھایئے۔ (سبق۔4 دیکھیے)

(i) گوند نے 25,000 نقد کے ساتھ کاروبار کی شروعات کی۔

(ii) سنیتا نے 10 ہزار کا سامان خریدا

(iii) سوہم کو 1800 روپے کی لاگت کی اشیا فروخت کی 1500 روپے میں

(iv) گوند نے کاروبار سے نکالا 5000 روپے

(b) نقد بہی میں 7800 روپے کا بینک بیلنس دکھائی دے رہا ہے۔ نقد بہی 7 روپے کا بینک بیلنس دکھاتی ہے۔ نقد بہی کی پاس بک سے موازنہ کرنے پر درج ذیل عدم توافق پایا گیا۔ (سبق۔10 دیکھیے)

(i) 3000 روپے کا بینک میں جمع کیا گیا چیک کریڈٹ نہیں ہوا۔

(ii) 1500 روپے کا جاری کیا گیا لیکن ادائیگی کے لیے ابھی تک پیش نہیں ہوا۔

(iii) بینک کے ذریعہ 2000 روپے بیمہ پر یمیم کی ادائیگی کی گئی ہے۔

(iv) بینک کے ذریعہ 4000 روپے سود کریڈٹ کیا گیا۔

(v) بینک چارجز 100 روپے

(vi) گاہک کے ذریعہ سیدھے جمع کیا گیا 4000 روپے

(vii) بینک تصفیہ گوشوارہ تیار کیجیے۔ (سبق۔8 دیکھیے)

5۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) کن ہی چھ نقاط کی بنیاد پر اہتمام اور ریزرو کے درمیان تفریق کیجیے۔ (سبق۔13 دیکھیے)

(b) درج ذیل لین دین سے ABC انٹرپرائزر (ہم جوئی) کی خرید بہی تیار کیجیے۔

جنوری 2012 03 سن الیکٹرانکس، غازی آباد سے خریداری کیا:

| | |
|---|---|
| 100 ٹیوب لائٹ | (a) 40 روپے فی ٹیولائٹ |
| 500 ٹیبل فین (میز کا پنکھا) | (b) 500 روپے فی ٹیبل فین |
| تجارتی ڈسکاونٹ | (b) 10% |

جنوری 11 روی الیکٹرک کمپنی، امروہا سے مال خریدا۔

| | |
|---|---|
| 300 بلب | (a) 10 روپے فی بلب |
| 240 آئرن | (b) 200 روپے فی آئرن |
| تجارتی ڈسکاونٹ | (c) 15% |

جنوری 15 ماڈرن فرنیر ہاؤس، دہلی سے فرنیچر خریدا۔

| | |
|---|---|
| 10 کرسیاں | (a) 1200 روپے فی کرسی |
| 3 میزیں | (b) 400 روپے فی میز |

جنوری 20 رفتار فینس انڈیا، دہلی سے نقد خرید کیا:

| | |
|---|---|
| 50 پنکھے | (a) 1400 روپے فی پنکھا |

جنوری 28 رام اینڈ لکشمن کمپنی دہلی سے خریداری کیا:

| | |
|---|---|
| 250 ٹیوب لائٹ | (a) 45 روپے فی ٹیوب لائٹ |

(سبق۔9 دیکھیے)

6۔ تفصیل کے ساتھ سمجھایئے کہ ٹیلی کمپنی کی تشکیل کیسے کی جاتی ہے۔ 6

| تاریخ2012 | تفصیل | روپے |
|---|---|---|
| اپریل01 | ہاتھ میں نقد | 11,500 |
| اپریل01 | اشیا کا اسٹاک ہاتھ میں | 12,500 |
| اپریل01 | بینک بیلنس | 20,000 |
| اپریل01 | رمیش کو واجب الادا | 1,000 |
| اپریل01 | تاراچندانی کے یہاں سے واجب الادا | 2,000 |
| اپریل 2 | من موہن کو اشیا کی فروخت | 15,000 |
| اپریل 4 | نقد فروخت | 15,000 |
| اپریل 7 | رگھو ونش کو فروخت | 4,000 |
| اپریل 9 | رمیش سے اشیا کی خریداری | 1,250 |
| اپریل 15 | تاراچندانی کے تین اشیا کی فروخت | 2,000 |
| اپریل 18 | اجرتیں ادا کی گئیں | 4,000 |
| اپریل 21 | منموہن سے وصول کیا گیا | 6,000 |
| اپریل 28 | مالک نے ذاتی استعمال کے لیے اشیا | 1,000 |
| اپریل 30 | انکم ٹیکس ادا کیا گیا | 5,000 |

(سبق۔10 دیکھیے)

# پینٹنگ

# PAINTING

# 225

# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر:20

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گیے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اوپر کی طرف اپنا نام، اندراج نمبر، AI (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) رسمی لوک فن میں سے کسی ایک کے بارے میں مختصراً وضاحت کیجیے۔ (سبق۔4 دیکھیے)

(b) فنکاروں نے کلپ سوتر پینٹنگ کے لیے کون سے موضوعات کا انتخاب کیا ہے؟

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) راجپوت مصوری کی کوئی دو خصوصیات لکھیں۔ (سبق۔3 دیکھیے)

(b) کولام پینٹنگ میں استعمال ہونے والے نقش (موٹف) کیا ہیں؟ کولام پینٹنگ کے طریقہ کار کی وضاحت کریں۔

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) اپنے سیکھنے کے مواد میں تاثریت پسندوں کے فن پاروں کا مشاہدہ کیجیے۔ تاثراتی فنکاروں کی کوئی بھی دو طرزیں لکھیے۔ (سبق۔6 دیکھیے)

(b) مغربی بنگال میں کنتھا سلائیوں کے لیے عام طور پر کون سے نقش اور ڈیزائن لیے جاتے ہیں۔ (سبق۔4 دیکھیے)

4۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) کولام آرائشی فنون خوش قسمتی کی علامت ہے، بیان کا جواز پیش کریں۔ (سبق۔4 دیکھیے)

(b) جین کی رسموں کی کتاب کلپ سوتر سے پینٹنگ کی کوئی ترکیب لکھیں۔ (سبق۔3 دیکھیے)

5۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) پینٹ کرنے کے لیے فطرت کے نے ماحول اور اثرات کی تلاش میں کس نے انتھک سفر کیا اور کیوں؟ وضاحت کیجیے۔ (سبق۔6 دیکھیے)

(b) پینٹنگ 'ڈانس کلاس' ایک فرانسیسی پینٹر نے بنائی تھی۔ پینٹر کا نام بتائیں اور اس کی پینٹنگ 'ڈانس کلاس' کے بارے میں وضاحت کریں۔

(سبق۔6 دیکھیے)

6۔ درج ذیل موضوعات میں سے کسی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) واٹرکلر پینٹنگ کے مختلف مراحل کو آپ کی عملی کتاب (صفحہ 13) میں مثال کے ساتھ بیان کیا گیا ہے، کچھ اصلی پھول جمع کریں اور انہیں پھولوں کے گلدستے میں ڈالیں۔ واٹرکلر تکنیک میں پھولوں کے گلدستے کو پھولوں سے ڈرائنگ اور رنگنے کے مختلف مراحل دکھائیں۔ اپنے پورٹ فولیو میں قدم رکھیں۔ پانی کے رنگ اور پوسٹر کلر تکنیک کے درمیان فرق کے بارے میں بھی لکھیں۔

(سبق۔2 دیکھیے)

(b) قریبی لائبریری میں جائیں اور جدید آرٹ کی کتاب تلاش کریں۔ آپ کو کینڈنسکی، مونڈرین، جیکسن پولاک، ملیوبچ اور دیگر جیسے مشہور مصوروں کے تجریدی فن کی مثالیں ملیں گی، ان کا مطالعہ کرنے کے بعد کسی پینٹنگ کے ایسے تجریدی تھیم کا تصور کریں۔ امپیریل سائز کا کاغذ لیں اور تصویر کے توازن، تال، ہم آہنگی اور ساخت کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے اس پر لکیریں اور رنگ کا استعمال کریں، جب تصویر مکمل ہو جائے تو تصویر کا تجزیہ کریں اور پچاس الفاظ میں اس پر اپنی رائے دیں۔

# ڈاٹا انٹری آپریشن

# DATA ENTRY OPERATIONS

# 229

# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر:20

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں، ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گیے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اوپر کی طرف اپنا نام، اندراج نمبر A1 (مرکز مطالعہ کا نام) اور مضمون صاف الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2

(a) راہل اپنے کمپیوٹر کا استعمال کر کے ایک خط ٹائپ کرنا چاہتا ہے۔ اس کے لیے وہ کون سا اپلی کیشن استعمال کر سکتا ہے۔ ان مراحل کو دیکھیے جن کی پابندی اسے کرنا چاہئے۔ (سبق 2 دیکھیے)

(b) ندھی نے ایک نجی بیلنس شیٹ بنایا ہے، "Read only" دستاویز کی شکل میں محفوظ کرنے کے اقدامات لکھیے۔ (سبق 3 دیکھیے)

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2

(a) کسی فائل یا فولڈر کو تلاش کرنے کے لیے مختلف اقدامات کی فہرست بنائیے۔

(b) اپنے ورک بک سے کسی ورک شیٹ کو حذف (Delete) کرنے کے اقدامات کو درج فہرست کیجیے۔

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2

(a) درجل ذیل سے کی بورڈ شارٹ کٹ کنجیاں لکھیے۔ (سبق 3 دیکھیے)

(i) Reply یعنی بدلین

(ii) پرنٹ کیجیے

(iii) Undo پہلے جیسا کریں

(b) اپنے کمپیوٹر سے کسی فائل کو ہٹانے کے اقدامات تحریر کیجیے۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) MS ورڈ کی چار اہم خصوصیات لکھیے۔ (سبق 6 دیکھیے)

(b) ریا نے ''ریا'' نام سے ایک فائل بنائی اور اب وہ اس کا نام بدلنا چاہتی ہے، فائل کا نام بدلنے کے اقدامات لکھیے۔ (سبق 2 دیکھیے)

5 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) درج ذیل کے لیے اقدامات لکھیے۔

(i) پیج پر بارڈر لگانے کے لیے

(ii) پیرا گراف اسپیسنگ لاگو کرنے کے لیے

(b) نیسٹیڈ فہرست بنانے کے اقدامات لکھیے؟ (سبق 4 دیکھیے)

6 نیچے دیے گیے پروجیکٹوں میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) یہ جدول ایک اسپریڈ شیٹ فائل کا حصہ دکھاتا ہے۔ (سبق 6 دیکھیے)

| نمبر شمار | A | B | C | D | E |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | چھوٹی دوکان (Tuckshop) | | | | |
| 2۔ | مد | لاگت قیمت | فروخت قیمت | فی مد منافع | اسٹاک میں تعداد |
| 3۔ | MarsBal | 0.40 | 0.45 | 0.05 | 176 |
| 4۔ | Twix | 0.38 | 0.44 | 0.06 | 136 |
| 5۔ | M&Ms | 0.65 | 0.78 | 0.13 | 124 |
| 6۔ | Basmty | 0.42 | 0.51 | 0.09 | 45 |

(i) اس سیل کا نام لکھیے جس میں عدی ڈیٹا ہے۔

(ii) اس اسپریڈ شیٹ میں کتنی قطاریں ہیں۔

(iii) اس سیل کا سیل ریفرنس دیجیے جو "124" پر مشتمل ہے۔

(b) درج ذیل ایک کلاس کا نتیجہ سال وار ہے:

| نمبر شمار | A | B | C |
|---|---|---|---|
| 1 | | | پاس ہونے والے طلبا کا فی صد |
| 2 | سال | | |
| 3 | | | |
| 4 | 2001 | | 89.4 |
| 5 | 2002 | | 92.3 |
| 6 | 2003 | | 96.6 |